© rasailojaraid.com



# مسافرانِ عدم

انا للہ وانا الیہ راجعون

**حافظ رب نواز صاحب کو صدمہ:**

مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم ملتان کےمدرس حافظ رب نواز صاحب کے والد ماجد جناب نور محمد صاحب ۱۲ فروری کو انتقال کر گئے۔

**چودھری لعل خان گجر مرحوم:**

مدرسہ محمودیہ معمورہ ناگڑیاں ضلع گجرات کے معاون اور ہمارے مہربان چودھری لعل خان گجر گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ انہوں نے مدرسہ محمودیہ معمورہ کی توسیع کے لئے ناگڑیاں میں ہی ایک قطعہ زمین مختص کیا جو یقیناً ان کے لئے آخرت میں ذریعۂ نجات اور صدقۂ جاریہ ہے۔

**محترم عرفان اشرف چیمہ کو صدمہ:**

مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما جناب عبداللطیف خالد چیمہ کے چچازاد بھائی محترم عرفان اشرف چیمہ (لندن) کے معصوم بیٹے کا گزشتہ ماہ انتقال ہو گیا ہے۔

**محترم عبدالجبار صاحب کو صدمہ:**

بہاولنگر سے ہمارے مہربان محترم عبدالجبار صاحب کے والد ماجد گزشتہ دنوں رحلت فرما گئے۔

**محترم عطاء اللہ صاحب کو صدمہ:**

مجلس احرار اسلام چشتیاں ضلع بہاولنگر کے کارکن محترم عطاء اللہ صاحب کے بہنوئی جناب پروفیسر ریاض احمد

**حافظ شفیق الرحمن کو صدمہ:**

مدرسہ معمورہ ملتان کے خادم حافظ شفیق الرحمن صاحب کی پھوپھی صاحبہ ۲۷ فروری کو ایک حادثہ میں زخمی ہو کر انتقال کر گئیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کےلئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ سب مسافرانِ عدم کے لئے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## دعائے صحت:

مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے صدر جناب محمد افضل خان صاحب کو گزشتہ دنوں حادثہ پیش آگیا۔ احباب سے درخواست ہے کہ انکی صحت کے لئے دعا فرمائیں۔



© rasailojaraid.com